# این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español
یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں / Перевод документа на русский язык
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

### 26 فروری، 2024 کا ہفتہ

خاندان کے لیے یہ تازہ تجدید موسمِ گرما 2024 میں تعلیم اور تقویتی مواقع کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے، بشمول سمر رائزنگ کے لیے درخواست دینے کا نیا طریقہ کار۔

## مندرجات:


- عمومی جائزہ
- نئی مائی اسکولز سمر رائزنگ درخواست
- انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا
- این وائی سی اسکولز سے رابطہ کریں


## گریڈز K–8 طلبا کے لیے سمر رائزنگ دوبارہ شروع

### عمومی جائزہ

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نیویارک شہر محکمۂ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی (DYCD) کے ساتھ ایک بار پھر سمر رائزنگ 2024 کے لیے شراکت داری کا متمنی ہے۔ سمر رائزنگ الیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کو پُر لطف، ثقافتی طور پر متعلقہ، اور عملی تجربات سے مربوط کرتا ہے جو انکی تعلیمی، سماجی، اور جذباتی صلاحیتوں کو مستحکم کرتے ہیں۔ سمر رائزنگ **بلا معاوضہ** ہے اور نیویارک شہر کے کسی بھی موجودہ طالب علم کے لیے کھلا ہے جو فی الوقت کنڈرگارٹن تا 8 گریڈ میں ہے۔

**گریڈز K–5:**

- **پروگرام 2 جولائی، 2024 سے 16 اگست، 2024** تک جاری رہے گا، اور **پیر تا جمعہ صبح 8:00 بجے سے شام 6:00** بجے تک منعقد ہوگا۔

**گریڈز 6-8:**

- **پروگرام 2 جولائی، 2024 سے 8 اگست، 2024** تک جاری رہے گا، اور **پیر تا جمعرات صبح 8:00 بجے سے شام 4:00** بجے تک منعقد ہوگا۔

طلبا کو بلامعاوضہ ناشتہ اور لنچ فراہم کیا جائے گا۔ پروگرامنگ میں NYCPS کے زیرِ قیادت تعلیمات اور DYCD برادری پر مبنی تنظیموں (CBOs) کی زیرِ قیادت تقویتی سرگرمیاں شامل ہیں۔

## نئی مائی اسکولز سمر رائزنگ درخواست

درخواست کا دورانیہ **ابتدائی مارچ** میں کھلے گا اور آخر مارچ میں بند ہوگا۔ اس سال پہلی مرتبہ، خاندان سمر رائزنگ کے لیے آن لائن **مائی اسکولز**، ہماری آن لائن ڈائریکٹری اور درخواست کا نظام استعمال کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔

درخواست دینے کے لیے، لاگ اِن کریں یا MySchools.nyc پر اپنا ای میل پتہ، اپنے بچے کا 9 اکائی طالب علم آئی ڈی نمبر اور مائی اسکولز اکاونٹ تخلیق کوڈ استعمال کرتے ہوئے مائی اسکولز اکاؤنٹ بنائیں، جو آپ اپنے اسکول سے رابطہ کرکے لے سکتے ہیں۔ اگر آپ نے مائی اسکولز کو استعمال کرتے ہوئے پہلے بھی درخواست دی ہے تو آپکا بچہ آپکے اکاونٹ میں پہلے سے شامل ہوگا۔ عام مدد کے لیے 311 کو کال کریں۔

اہل خانہ اپنی درخواست میں جتنے چاہیں پروگرام درج کر سکتے ہیں، ہم تجویز کرتے ہیں کہ خاندان اپنی پسند کے ایک پروگرام میں تقرر کیے جانے کے امکانات کو بڑھانے کے لیے جتنے زیادہ پروگرام ممکن ہوں درج کریں۔

یہ طریقِ کار پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر **نہیں** ہے؛ وقت ختم ہونے کے بعد تمام درخواست گزاروں کو ایک ہی وقت میں زیرِ غور لایا جائے گا۔ اگر خاندان چاہیں تو درخواست کے دورانیے میں کسی بھی وقت اپنی درخواست میں تبدیلیاں کرسکتے ہیں۔

پیشکشیں وسط اپریل میں فراہم کی جائیں گی۔ اپنے نتائج دیکھنے کے لیے مائی اسکولز میں دوبارہ لاگ ان کریں۔

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں یا درخواست میں مدد درکار ہے، برائے مہربانی اپنے اسکول سے رابطہ کریں یا summer@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا

وہ طلبا جو **12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY)**، خاص کلاس یا آٹیزم پروگراموں نیسٹ ( Nest) یا ہرائزن (Horizon) پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں وہ انکے IEP پر مجوزہ پروگرام اور خدمات کو ایک توسیعی تعلیمی سال (ESY)، ضلع 75 یا آٹیزم پروگراموں -گرمیوں کے نیسٹ یا ہرائزن پروگرام کے مقام پر موصول کریں گے۔ وہ اہل خانہ جو سمر رائزنگ کے ذریعے IEP پروگرام اور CBO کے زیرِ قیادت توسیع دن تقویتی تعلیم میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان کو درخواست پورٹل کو استعمال کرنا چاہیئے۔ گریڈز K–5 کے لیے سمر رائزنگ پیر تا جمعہ شام 6:00 بجے تک، اور گریڈز 6-8 کے لیے شام 4:00 بجے تک، پیر تا جمعرات منعقد ہوتا ہے۔، ان اہل خانہ کو سمر رائزنگ کی نشستوں کے لیے ترجیح حاصل ہوگی اور یہ اپنے IEP پروگرام سے متعلقہ CBO پروگرام (پروگرامز) منتخب کریں گے۔

اگر کوئی اہل خانہ اپنے بچے کے لیے توسیعی دن تقویتی تعلیم پروگرام **نہیں** چاہتے، اور انکا بچہ صرف نیسٹ یا ہرائزن پروگرامنگ میں (دوپہر 12 بجے تک)، D75 پروگرامنگ میں (دوپہر 2:30 تک)، یا /ESY پروگرامنگ میں (دوپہر 2:00 تک) شرکت کرے گا، ان اہل خانہ کو چاہئیے کہ درخواست پورٹل کو استعمال کرنے کے بجائے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

وہ طلبا جنھیں سمر رائزنگ میں شرکت کے لیے سہولیات مطلوب ہیں، جیسے کہ پیشہ ور معاون یا نرس، وہ انھیں اپنی انفرادی ضروریات کے مطابق موصول کریں گے۔

## این وائی سی اسکولز سے رابطہ کریں

این وائی سی پبلک اسکولز اور سمر رائزنگ کی تازہ ترین خبریں جاننے کے لیے schools.nyc.gov کو بُک مارک لگائیں اور Twitter/x پر ہمیں @nycschools اور @doechancellor فالو کریں۔ آپ ہمیں Facebook اور Instagram پر ہمارے سرکاری اکاؤنٹس @nycschools پر بھی تلاش کر سکتے ہیں۔